Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 17 Short Questions Test

Q1. سورۃ ال عمران کب اور کہاں پیش آیا-

Ans 1: سورۃ ال عمران مدینے میں 9 ہجری کو نجران کے وفد کی آمد پر پیش آیا.

Q2. سورۃ التوبہ میں کس طرز کو منافقانہ طرز عمل قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: منافقین کی مذمت کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی سازشیں اور منافقانہ حرکتیں بھی بے نقاب کی گئی ہیں-

Q3. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طوریل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

Q4. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q5. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q6. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.

Q7. لفظ کے معنی تحریر کریں- توتی- تعز- تولج-ان یمدکم-خلق-قیما-علی جنوبھم-فقنا-انصار

Ans 1: تؤتی- تو عطا فرماتا ہے - تعز- تو عزت عطا فرماتا ہے- تولج- تو داخل کرتاہے ان یمدکم- - کہ تمھاری مدد فرمائے- خلق- تخلیق- قیما- کھڑے کھڑے- علی جنوبھم- لیٹے ہوئے- فقنا- تو ہیں بچالے- انصار- مدد گار

Q8. سورۃ ال عمران میں کس امت کو بہترین امت قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران میں امت مسلمہ کو بہترین امت قرار دیا گیاہے.

Q9. سورۃ التوبہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی کیا فضیلت آئی ہے.

Ans 1: دوران ہجرت غار ثور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ کی رفاقت کا تزکرہ ہے- زکوٰۃ کے مصارف اور مومن مجاہدین کی تعریف اور جہاد کرنے کی ترغیب کا بیان ہے.

Q10. سورت ال عمران کو سورت ال عمران کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کی آیات تینتیس تا سینتیس میں اس خاندان کا زکر آیا ہے. اس لیے اس سورت کا نام سورۃ ال عمران ہے.